## پنجاب اور بلوچستان میں سیلاب سے بڑے پیمانے پر ہونے والے جانی و مالی نقصانات پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔25 جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پنجاب اور بلوچستان میں سیلاب سے بڑے پیمانے پر ہونے والے جانی و مالی نقصانات پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین قدرتی آفت کے نتیجے میں بلوچستان میں بارکھان، کوہلو، نصیر آباد اور پنجاب میں راجن پور اور دیگر علاقوں میں کئی دیہات کے زیر آب آنے اور بڑے پیمانے پر ہونے والا جانی و مالی نقصان افسوسناک ہے اور متحدہ قومی موومنٹ مصیبت کی اس گھڑی میں متاثرہ افراد کے غم میں برابر کی شریک ہے۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ سیلاب کے نتیجے میں جاں بحق ہونے والے افراد کیلئے دعائے مغفرت کی اور لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا۔ جناب الطاف حسین نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ سیلاب کے نتیجے میں تباہ ہونے والے علاقوں میں بحالی کے کاموں پر خصوصی توجہ دی جائے، جو متاثرہ افراد کھلے آسمان تلے رہنے پر مجبور ہیں انہیں محفوظ اور مناسب مقامات پر منتقل کیا جائے اور سیلابی ریلہ جن علاقوں سے گزرنے والا ہے ان علاقوں کو بھی تباہی سے بچانے کیلئے فوری اقدامات کئے جائیں۔

## صفائی مہم فلاحی اور مثبت سرگرمیوں کی بڑی مثال ہے جس سے کوئی انکار نہیں کرسکتا، الطاف حسین

## ’’میرا حیدرآباد‘‘ ہفتہ صفائی مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے پر ذمہ داران کو خراج تحسین اور شاباش

لندن۔۔۔25، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم حیدرآباد زون کے تحت ’’میرا حیدرآباد‘‘ ہفتہ صفائی میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے پر ذمہ داران و کارکنان اور حق پرست وزراء، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے اور کہا ہے کہ ایم کیوایم کے کارکنان عوامی خدمت کے جذبہ سے سرشار ہیں۔ اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ’’میرا حیدرآباد‘‘ ہفتہ صفائی مہم میں ایم کیوایم کے کارکنان نے شاہراہوں، سڑکوں، گلی کوچوں، چوراہوں، بازاروں، مارکیٹوں سے ہزاروں ٹن کچرا اٹھاکانے لگایا، دیواروں، فٹ پاتھوں، میدین پر رنگ روغن، اسٹریٹ لائٹس کی تبدیلی، نالیوں کی صفائی، پارک اور گرین بیلٹس کی تزئین وآرائش کے کام انجام دیئے اور جراثیم کش ادویات کا اسپرے کیا اور پودے بھی لگائے جس سے شہر کو نہ صرف خوشگوار ماحول فراہم ہوا بلکہ شہریوں میں صفائی وستھرائی کا رجحان بھی اجاگر ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ’’میرا حیدرآباد‘‘ کے عنوان سے صفائی کی مہم فلاحی اور مثبت سرگرمیوں کی بڑی مثال ہے جس سے کوئی انکار نہیں کرسکتا۔ انہوں نے کہا کہ صفائی نصف ایمان ہے اور ایم کیوایم حیدرآباد زون کے ذمہ داران وکارکنان اور عوام نے ’’میرا حیدرآباد‘‘ ہفتہ صفائی مہم میں بھرپور حصہ لیکر ثابت کردیا ہے کہ وہ نہ صرف امن پسند ہیں بلکہ صفائی پسند بھی ہیں۔ جناب الطاف حسین نے میرا حیدرآباد ہفتہ صفائی مہم میں حصہ لینے والے ایم کیوایم حیدرآباد زون کی زونل کمیٹی، سیکٹر و یونٹ کے ذمہ داران، حق پرست وزراء، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی، ایک ایک کارکن، عوام اور حیدرآباد کی انتظامیہ کو زبردست خراج تحسین اور شاباش پیش کی ہے۔

## ایم کیوایم کا فکروفلسفہ اور نظریہ ملک بھر کے غریب اور مظلوم عوام کیلئے سایہ دار درخت بن چکا ہے، الطاف حسین

## متحدہ قومی موومنٹ کے 13ویں یوم تاسیس پر پیغام

لندن۔۔۔25، جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ ایم کیوایم نے منتخب ایوانوں میں غریب ومتوسط طبقے کے افراد کو پہنچا کر انقلاب کی بنیاد بہت پہلے ہی رکھ دی تھی اور اب ایم کیوایم کا فکروفلسفہ اور نظریہ ملک بھر کے غریب اور مظلوم عوام کیلئے سایہ دار درخت بن چکا ہے۔ متحدہ قومی موومنٹ کے 13ویں یوم تاسیس کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ شروع دن سے ہی ملک میں رائج فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام اور موروثی سیاست کے خاتمے کی عملی جدوجہد کررہی ہے اور ایم کیوایم کی حق پرستانہ جدوجہد میں کئی بار کٹھن مراحل آئے اور رکاوٹیں کھڑی کی گئیں لیکن حق پرستی کے فکروفلسفہ اور نظریئے کو کوئی بھی ظلم اور سازش ملک بھر کے عوام تک پہنچنے سے نہیں روک سکی جو حق پرستی کے فکروفلسفہ اور نظریئے کی سچائی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم ملک کی واحد جماعت ہے جو جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کا حصہ نہیں ہے اور چاہتی ہے کہ ملک سے فرسودہ نظام کا خاتمہ ہو اور ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقے کے عوام کو انکے حقوق میسر ہوں۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے آج حق پرستی کا پیغام سندھ دھرتی سے نکل کر آزاد کشمیر، گلگت بلتستان سمیت ملک کے چاروں صوبوں میں پھیل چکا ہے اور ملک بھر کی تمام قومیتوں سے تعلق رکھنے والے افراد جوق در جوق متحدہ قومی موومنٹ کے پلیٹ فارم پر جمع ہورہے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے متحدہ قومی موومنٹ کے 13ویں یوم تاسیس کی دلی مبارکباد پیش ہوئے کہا کہ ایم کیوایم کی جدوجہد سچائی پر مبنی ہے اور ہمیں کامل یقین ہے کہ حق پرستی کی جدوجہد ایک دن کامیابی سے ضرور ہمکنار ہوگی اور ملک کے عوام کو فرسودہ جاگیردارانہ نظام سے نجات ملے گی۔

## ڈاکٹر صغیر احمد اور فیصل سبزواری کا کراچی کے نجی اسپتالوں کا دورہ
## زخمی کارکنان کی عیادت، الطاف حسین کی جانب سے خیریت دریافت کی

کراچی۔۔25 جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن ڈاکٹر صغیر احمد اور حق پرست صوبائی وزیر فیصل سبزواری نے گزشتہ روز کراچی کے جناح اسپتال اور لیاقت اسپتال کا دورہ کیا اور مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے زخمی ہونے والے ایم کیوایم گلستان جوہر سیکٹر یونٹ بی کے کارکنان رضوان ہاشمی، ذیشان اسماعیل اور احمد علی کی عیادت کی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے ان کی خیریت دریافت کی۔انہوں نے زخمی کارکنان سے ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے ان کی جلد و مکمل صحتیابی کیلئے دعا کی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

## الطاف حسین کل یادگار شہدائے حق کا افتتاح اور جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کریں گے

کراچی۔۔۔25، جولائی 2010ء

ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین مورخہ 26 جولائی پیر کو متحدہ قومی موومنٹ کے 13 ویں یوم تاسیس کے موقع پر شام 6 بجے ایم کیوایم کے ہزاروں شہید کارکنان کی یاد میں تعمیر جانے والی ''یادگار شہدائے حق'' کا افتتاح کریں گے اور اس موقع پر جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں منعقدہ بڑے جنرل ورکرز اجلاس سے لندن سے ٹیلی فونک خطاب کریں گے ۔''یادگارِ شہدائے حق'' کے افتتاح اور متحدہ قومی موومنٹ کے 13 ویں یوم تاسیس کے سلسلے میں کارکنان میں زبردست جوش وخروش پایا جارہا ہے جبکہ جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں ''یادگار شہدائے حق'' کے افتتاح اور جنرل ورکرز اجلاس کی تیاریاں مکمل کرلی گئیں اور اس سلسلے میں سینکڑوں کارکنان تیاریوں میں دن رات مصروف رہے۔متحدہ قومی موومنٹ کے 13 ویں یوم تاسیس کے موقع پر جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں یادگار شہدائے حق کی افتتاحی تقریب میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی، حق پرست وزراء، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی اور حق پرست سینیٹرز بھی شرکت کریں گے۔

## حق پرست ارکان قومی اسمبلی اور صوبائی وزیر نے اسپتال جاکر انور کمال اور نسیم کی عیادت کی

حیدرآباد۔۔۔25، جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ حق پرست ارکان قومی اسمبلی طیب حسین، صلاح الدین اور صوبائی وزیر زبیر احمد اور رکن صوبائی اسمبلی اکرم عادل نے گزشتہ روز حیدرآباد میں جیو نیوز کی گاڑی پر مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے زخمی ہونے والے جیو نیوز کے رپورٹر انور کمال اور ڈرائیور نسیم کی عیادت کی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جناب سے ان کی خیریت دریافت کی۔انہوں نے انور کمال اور نسیم سے ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے ان کی جلد و مکمل صحتیابی کیلئے دعا کی۔اس موقع پر ایم کیوایم حیدرآباد زون کے اراکین بھی موجود تھے۔

## ایم کیوایم شاہ فیصل اور اورنگی ٹاؤن سیکٹرز کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔25، جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم شاہ فیصل سیکٹر یونٹ B-103 کے کارکن شاہد محمد صدیقی کے والد شبیر محمد صدیقی اور ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 120 کے کارکن کے حنیف پٹنی کے والد محمد ہاشم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس اظہار کیا ہے۔ے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## متحدہ سوشل فورم کے انچارج لونگ خان چنا اور منیر شیخ نے معروف گلوکار سلیم شہزاد کی عیادت کی
## الطاف حسین کی جانب سے خیریت دریافت کی اور گلدستہ پیش کیا

کراچی۔۔25 جولائی 2010ء

ایم کیوایم کے متحدہ سوشل فورم کے انچارج لونگ خان چنا اور رکن یوسف منیر شیخ نے معروف گلوکار سلیم شہزاد کی رہائش واقع شادمان جاکر ان کی عیادت کی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی خیریت دریافت کی اور گلدستہ پیش کیا۔وہ کچھ دیر سلیم شہزاد کے ہمراہ رہے اور ان کی جلد و مکمل صحتیابی کیلئے دعا بھی کی۔

## گلستان جوہر میں ایم کیوایم کے یونٹ B پر مسلح حملے میں ملوث اے این پی کے مسلح دہشت گردوں کو گرفتار کیا جائے، ارکان قومی اسمبلی

کراچی۔۔۔25، جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے ایم کیوایم گلستان جوہر سیکٹر یونٹ B پر اے این پی کے مسلح دہشت گردوں کے حملے اوراس مذموم کارروائی میں یونٹ کمیٹی کے رکن سید شفیق کرمانی (رضواں شاہ) کی شہادت اور متعدد کارکنان کے زخمی ہونے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ عوامی نیشنل پارٹی شہر میں لینڈ مافیا، ڈرگ مافیااور جرائم پیشہ عناصر کی کھلے عام سرپرستی کررہی ہے اوراس کی چھتری تلے عوام کی جان ومال عدم تحفظ کا شکار ہوکر رہ گئی ہے۔انہوں نے کہا کہ اے این پی کی جرائم پیشہ سیاست کے باعث ماضی میں بھی کئی بار شہر کا امن غارت ہو چکا ہے اور ایم کیوایم کے کارکنان سمیت معصوم عوام دہشت گردی کا نشانہ بن چکے ہیں۔انہوں نے کہا کہ شہر میں قتل وغارتگری اورامن وامان کی خرابی کی تمام ذمہ داری بعض عناصر کی جانب سے ایم کیوایم پر عائد کردی جاتی ہے جبکہ ایم کیوایم قتل وغارتگری اورامن وخرابی کی ذمہ دار قوتوں کی کھلے عام نشاندہی کررہی ہے اوراس کے واضح ثبوت وشواہد بھی موجود ہیں۔انہوں نے کہا کہ شہر میں امن وامان کی خرابی اور ٹارگٹ کلنگ کے واقعات کی ذمہ داری ایم کیوایم کے سر عائد کرنے والے عناصر اس بات کا جواب دیں کہ شہر میں قتل وغارتگری اورامن وامان کی خراب صورتحال سے کس کو فائدہ ہوتا ہے؟۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم شہر کراچی کی نمائندہ جماعت ہے اوراس کا حق پرستانہ فکر وفلسفہ اورنظریہ ملک بھر میں فروغ پارہا ہے اور ملک نازک صورتحال کے پیش نظر ایم کیوایم ماضی کی طرح اس مرتبہ بھی صبر وتحمل اور ضبط کا مظاہرہ کررہی ہے لیکن اس کا مطلب ہرگز یہ ہے کہ لینڈ مافیا، ڈرگ مافیااوران کے سرپرستوں کو عوام کی جان ومال سے کھیلنے کی کھلی اجازت دیدی جائے۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیر اعظم پاکستان یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ ایم کیوایم گلستان جوہر سیکٹر یونٹ B پر اے این کے مسلح دہشت گردوں کے حملے میں یونٹ کمیٹی کے رکن سید شفیق کرمانی (رضوان شاہ) کی شہادت اور متعدد کارکنان کے زخمی ہونے کے واقعہ کا سختی سے نوٹس لیا جائے، اس میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کرکے سخت ترین سزادی جائے، اے این پی کے دہشت گردوں کو لگام دی جائے، لینڈ مافیا، ڈرگ مافیا کے خلاف سخت کارروائی عمل میں جائے اورعوام کی جان ومال کو مکمل تحفظ فراہم کیا جائے۔انہوں نے ایم کیوایم گلستان جوہر سیکٹر یونٹ B کی یونٹ کمیٹی کے رکن سید شفیق کرمانی (رضوان شاہ) شہید کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے شہید کے بلند درجات اور مغفرت اور زخمی کارکنان کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 120 کے بزرگ کارکن محمد ہاشم انتقال کر گئے

## الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔25، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ ایلڈرز ونگ اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 120 کے کارکن محمد ہاشم انتقال کر گئے۔مرحوم کی عمر 70 سال تھی اور وہ گزشتہ 3 روز قبل چھت سے گرنے کے باعث زخمی ہوگئے تھے اور مقامی اسپتال کے انتہائی نگہداشت کے وارڈ میں زیر علاج تھے تاہم ان کی طبیعت زیادہ بگڑ گئی اور وہ دوران علاج ہی اپنے خالق حقیقی سے جاملے۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 120 کے بزرگ کارکن محمد ہاشم کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔علاوہ ازیں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے بھی ایم کیوایم ایلڈرز ونگ اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 120 کے کارکن محمد ہاشم کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا اور مرحوم کی مغفرت اور بلند درجات کیلئے دعا کی۔

## نوجوان اور بالخصوص طلباء پر یہ بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے طلبہ تعلیم حاصل کرکے ملک وقوم کی ترقی کیلئے اہم کردار ادا کریں، طاہر حسین

## جنرل ورکرز اجلاس سے اے پی ایم ایس او کے وائس چیئرمین واراکینِ مرکزی کمیٹی کا خطاب

کراچی۔۔۔25، جولائی 2010ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے وائس چیئرمین سید طاہر حسین نے کہا ہے کہ علم وشعور ہی انسان کو معاشرے میں اصل مقام دلاتا ہے۔یہ بات انہوں نے گزشتہ روز اے پی ایم ایس او کے ذیلی سیکٹرسی کی تنظیم نو کے موقع پر منعقدہ جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔اجلاس میں کارکنان نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔سید طاہر حسین نے کہا کہ جو قومیں خود کو تعلیم کے زیور سے آراستہ کرتی ہیں وہی ترقی کی راہ پر گامزن رہتی ہیں لہٰذا نوجوان اور بالخصوص طلباء پر یہ بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ تعلیم حاصل

کر کے ملک وقوم کی ترقی کیلئے اہم کردار ادا کریں۔انہوں نے کہا کہ اے پی ایم ایس او کے کارکن ہونے کے ناطےہمیں بانی وقائدتحریک جناب الطاف حسین کے نظریئے کوفروغ دیتے ہوئے ان کی تعلیمات وہدایات پرسختی سے عمل کرتے ہوئے مثالی نظم وضبط کا عملی مظاہرہ کرنا ہوگا۔انہوں نے سیکٹرسی کے نومنتخب ذمہ داران کومبارکباد پیش کی اورانہیں تلقین کی کہ وہ تحریک کے فکر وفلسفہ اورنظریئے کے فروغ کیلئے اپنی تمام صلاحتیں استعمال کریں۔اے پی ایم ایس او کے سیکریٹری جنرل فرحان شمس نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اے پی ایم ایس او کے کارکنان اپنی تعلیمی پربھرپورتوجہ دیں اوردورجدید کے تقاضوں سے خودکوہم آہنگ کریں کیونکہ آئندہ آنے والا وقت نوجوان طلبہ سے یہ تقاضہ کررہا ہے کہ وہ ملک تعمیروترقی میں اپنا مثبت کردارادا کریں۔انہوں نے کہا کہ ہے قائدتحریک جناب الطاف حسین نے ہمیشہ تمام کارکنان کوتعلیم حاصل کرنے کی تلقین کی ہےاوراساتذہ کرام کی عزت واحترام کا درس دیا ہے۔اس موقع پرانہوں نے تمام کارکنان کوہدایت دی کہ وہ لٹریچر کا مطالعہ کریں زیادہ سے زیادہ اسٹڈی سرکل کاانعقادکریں اورہرطرح کی علمی وادبی سرگرمیوں بڑھ چڑھ کرحصہ لیں۔علاوہ ازیں اجلاس سے اے پی ایم ایس او کے مرکزی سنیئر جوائنٹ سیکرٹری فرقان علی اورمرکزی کمیٹی کے رکن ذیشان نے بھی خطاب کیا۔

## حکیم محمد سعید کیس میں ایم کیوایم ملوث نہیں تھی،حق پرست اراکین سینیٹ

## انٹیلی جنس بیورو کے سابق ڈائریکٹر ریٹائرڈ کرنل محمد اقبال نیازی کا اعترافی بیان الطاف حسین کے نظریئے کی سچائی کا ثبوت ہے

کراچی۔۔۔25،جولائی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین سینیٹ نے کہا ہے کہ انٹیلی جنس بیورو کے سابق ڈائریکٹر ریٹائرڈ کرنل محمد اقبال خان نیازی کا یہ اعترافی بیان کہ حکیم محمد سعید قتل کیس میں ایم کیوایم ملوث نہیں تھی قائدتحریک جناب الطاف حسین کے فکروفلسفہ اورنظریئے کی سچائی کا ثبوت ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم محبّ وطن جماعت ہےاور ملک میں رائج فرسودہ جاگیردارانہ،وڈیرانہ اورسردارانہ نظام کے خاتمہ کی عملی جدوجہد کے باعث اسے گھناؤنی سازشوں کا نشانہ بنایا گیااورایم کیوایم دشمنی میں حکیم سعید کے قتل کا جھوٹا الزام ایم کیوایم پرڈال کرصوبہ سندھ میں جمہوری حکومت کا خاتمہ کیا گیااور گورنرراج نافذ کردیا گیا۔انہوں نے کہا کہ ملک بھر کے عوام اب ایم کیوایم کے اوپرلگائے گئے الزامات کی حقیقت سے آگاہ ہوچکے ہیں اورانٹیلی جنس بیورو کے سابق سربراہ بریگیڈیئر امتیاز احمد اورسابق کورکمانڈرکراچی جنرل (ر)نصیراختر کے جناح پور کے حوالے سے اعترافی بیانات کے بعد اب انٹیلی جنس بیورو کے سابق ڈائریکٹر ریٹائرڈ کرنل محمد اقبال خان نیازی کا یہ اعتراف کہ متحدہ قومی موومنٹ حکیم سعید قتل میں ملوث نہیں تھی ملک بھر کے مظلوم عوام کی فتح ہے۔حق پرست اراکین سینیٹ نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ انٹیلی جنس بیورو کے سابق ڈائریکٹر ریٹائرڈ کرنل محمد اقبال خان نیازی کے اس اعترافی کا نوٹس لیاجائے اورحکیم محمد سعید جیسی ہستی کے قتل کے پیچھے اصل محرکات اوراس میں ملوث سفاک عناصر کوبے نقاب کیا جائے۔

## ایم کیوایم گلستان جوہرسیکٹر یونٹ B کی یونٹ کمیٹی کے رکن سید شفیق کرمانی(رضوان) شہید کا سوئم

کراچی۔۔۔25،جولائی2010ء

گزشتہ روزاے این پی کے مسلح دہشت گردوں کے ایم کیوایم گلستان جوہرسیکٹر یونٹ B پرآتشی ہتھیاروں سے حملے کے نتیجے میں شہید ہونے والے یونٹ کمیٹی کے سید شفیق کرمانی (رضوان) شہید کا سوئم آج امام بارگاہ آخری الزماں گلستان جوہر بلاک 19 میں ہوا جس میں شہید کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی اورمجلس منعقد کی گئی۔سوئم کے اجتماع میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان توصیف خانزادہ،سیف یار خان،حق پرست وزراء،حق پرست قومی وصوبائی اسمبلی،سابق حق پرست بلدیاتی نمائندوں،ایم کیوایم کراچی تنظیمی کمیٹی،ایم کیوایم گلستان جوہرسیکٹر کمیٹی کے ارکان،یونٹوں کے ذمہ داران،کارکنان،ہمدردوں اورشہید کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

## حیدرآبادزون کے تحت ''میراحیدرآباد''ہفتہ صفائی مہم ساتویں روز اختتام پذیر ہوگئی

حیدرآباد۔۔۔25،جولائی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ حیدرآبادزون کے تحت منعقدہ ''میراحیدرآباد''صفائی مہم ساتویں روز اختتام پزیر ہوئی۔اس اختتامی تقریب میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزیرصحت ڈاکٹرصغیراحمداوررکن رابطہ کمیٹی یوسف شاہوانی اندرونِ سندھ تنظیمی کمیٹی کے اراکین صوبائی مشیرغلام رہو،فرئداحمد،ندیم احمد حیدرآبادزون کے زونل انچارج محمد شریف واراکین سمیت حق پرست صوبائی وزیردیہی ترقی زبیر احمد خان،کے ہمراہ حیدرآبادشہر کے مختلف علاقوں کا دورہ کیااور ہفتہ صفائی مہم کے ساتویں روزاختتامی تقریب کے سلسلے میں صفائی ستھرائی،فٹ پاتھ،اوردیواروں پروال چاکنگ،شجرکاری کی گئی،نالوں میں جراثیم کش اسپرے اورشہر کے مختلف شاہراہوں اور چوراہوں پرقائم خوبصورت چوکوں

کی تزئین وآرائش کے کاموں کا معائنہ کیااس دوران شہر بھر کے مختلف علاقوں میں جس کا سماں تھااوت شہر کی عوام نےحق پرست ارکانِ قومی وصوبائی اسمبلی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے شہر کی عوام کی فلاح و بہبود کیلئے کئے جانے والے مثبت اقدام پر دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کیا اورانہیں زبردست خراجِ تحسین پیش کیا۔رابطہ کمیٹی کے ارکان نےعوام وکارکنان سے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ حق پرست قیادت قائد تحریک جناب الطاف حسین کے ویژن کے مطابق شبانہ روزعوام کے مسائل کے حل کیلئے عملی خدمت کررہی ہے جس کی مثال حیدرآباد میں جاری ترقیاتی کاموں کا ثبوت ہے۔کمیٹی کے ارکان نے حیدرآباد زون کے تحت منعقدہ ''میرا حیدرآباد'' ہفتہ صفائی مہم کو کامیاب بنانے کیلئے رات دن محنت ولگن سے کام کرنے والے حیدرآباد زون کے ذمہ داران وکارکنان بالخصوص عوام الناس کوقائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے مبارکبا داور شاباش پیش کی۔

## یادگار شہدائے حق کی تعمیر،رات گئے لوگوں کی اپنی فیملیوں کے ہمراہ جناح گراؤنڈعزیز آباد آمد کا سلسلہ جاری رہا

## پنڈال،ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرواوراطراف کی گلیوں کو برقی قمقموں سے سجادیا گیا،رات میں بھی دن کا سماں

کراچی۔۔۔26،جولائی2010ء

جناح گراؤنڈعزیز آباد میں متحدہ قومی موومنٹ کے 13 ویں یوم تاسیس کے موقع پر ایم کیوایم کے شہید کارکنان کی یاد میں تعمیر کی جانے والی ''یادگارِشہدائے حق'' کی افتتاحی تقریب کے انتظامات مکمل کر لئے گئے ہیں اور جناح گراؤنڈ،ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرواوراطراف کی گلیوں کو برقی قمقموں سے سجادیا گیا ہے جس کے باعث رات میں بھی دن کا سماں دکھائی دے رہا ہے۔یادگارشہداءحق کی افتتاحی تقریب کے انتظامات اور تیاریاں دیکھنے کیلئے رات گئے تک جناح گراؤنڈعزیز آباد میں لوگوں کی اپنی فیملیوں کے ہمراہ آمد کا سلسلہ جاری رہا جس کے باعث زبرست چہل پہل دکھائی دی۔اس موقع پر جناح گراؤنڈعزیز آباد میں لگائی گئی بڑی ڈیجیٹل اسکرین کے ذریعے ایم کیوایم کی جدوجہد پرمبنی تحریکی ڈرامہ''جہد مسلسل'' کی ریکارڈنگ بھی دکھائی گئی جسے لوگوں نے بڑی دلچسپی کے ساتھ دیکھا۔یادگارشہدائےحق کی افتتاحی تقریب کے سلسلے میں عوام وکارکنان میں زبردست جوش وخروش پایا جارہا ہے۔جناح گراؤنڈعزیز آباد میں حق پرست شہداء کی یاد میں تعمیر کی گئی تاریخی یادگار کو دیکھنے کے بعد لوگوں نے اسے زبردست انداز میں سراہااور کہا کہ حق پرست شہداء کی یادگار تعمیر کرکے ایم کیوایم نے دنیائے تاریخ میں ایک نئے باب کا اضافہ کیا ہے۔

☆☆☆☆☆